513

آیت نمبر 10

آیات نمبر 10 تا 13 میں مکہ سے ہجرت کر کے آنے والی مومن عورتوں کے بارے میں ہدایات۔ ان مشرک عورتوں کے بارے میں ہدایات جو مسلمانوں کے عقد میں ہیں۔ مومن عورتوں سے بیعت لینے کے بارے میں رسول اللہ (ﷺ) کو ہدایات۔ اہل ایمان کو یہود سے دوستی نہ کرنے کی ہدایت کہ وہ آخرت کے اجر و ثواب سے مایوس ہو چکے ہیں

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا جَآءَکُمُ الۡمُؤۡمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامۡتَحِنُوۡهُنَّ ؕ

اے ایمان والو! جب مسلمان عورتیں ہجرت کر کے تمہارے پاس آیا کریں تو تم ان

کے ایمان کے بارے میں تحقیق کر لیا کرو اَللّٰهُ اَعۡلَمُ بِاِیۡمَانِهِنَّ ۚ فَاِنۡ

عَلِمۡتُمُوۡهُنَّ مُؤۡمِنٰتٍ فَلَا تَرۡجِعُوۡهُنَّ اِلَی الۡکُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمۡ وَ لَا

هُمۡ یَحِلُّوۡنَ لَهُنَّ ؕ اللہ تو ان کے ایمان کی حقیقت سے خوب واقف ہے، پھر اگر

تمہیں یقین ہو جائے کہ وہ واقعی مومن ہیں تو انہیں کفار کی طرف واپس نہ بھیجو

کیونکہ نہ تو وہ عورتیں کافروں کے لئے حلال ہیں اور نہ وہ کافر ان عورتوں کے لئے

حلال ہیں وَ اٰتُوۡهُمۡ مَّاۤ اَنۡفَقُوۡا ؕ وَ لَا جُنَاحَ عَلَیۡکُمۡ اَنۡ تَنۡکِحُوۡهُنَّ اِذَاۤ

اٰتَیۡتُمُوۡهُنَّ اُجُوۡرَهُنَّ ؕ اور ان کافروں نے ان عورتوں پر مہر وغیرہ کی صورت

میں جو مال خرچ کیا تھا وہ ان کافروں کو واپس کر دو اور تم پر ان مہاجر عورتوں سے نکاح

کر لینے میں کوئی گناہ نہیں جب کہ تم انہیں ان کے مہر ادا کر دو وَ لَا تُمۡسِکُوۡا

بِعِصَمِ الۡکَوَافِرِ وَ سۡـَٔلُوۡا مَاۤ اَنۡفَقۡتُمۡ وَ لۡیَسۡـَٔلُوۡا مَاۤ اَنۡفَقُوۡا ؕ اور تم

بھی کافرہ عورتوں کو اپنے نکاح میں نہ روکے رکھو البتہ جو مال تم نے مہر وغیرہ کی

صورت میں ان پر خرچ کیا ہے وہ ان کافروں سے واپس لے لو اور اسی طرح جو مال
کافروں نے ان ہجرت کرنے والی عورتوں پر خرچ کیا ہے وہ تم سے واپس لے لیں
ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾ یہ اللہ کا حکم
ہے، اس نے تمہارے درمیان فیصلہ کر دیا ہے اور اللہ سب کچھ جاننے والا اور بہت
حکمت والا ہے صلح حدیبیہ کے موقع پر جو معاہدہ کیا گیا تھا اس کی ایک شرط یہ بھی تھی کہ اگر
کوئی شخص اسلام قبول کرنے کے بعد مکہ سے بھاگ کر مدینہ پہونچ جائے تو اس مسلمان کو واپس
کرنا ہو گا۔ اس معاہدہ میں خاص طور پر عورتوں کا ذکر نہیں تھا، سو اللہ نے ان آیات کے ذریعہ
عورتوں کو اس شرط سے مستثنٰی قرار دے کر ان کے بارے میں تفصیل بیان کر دی وَ اِنْ
فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ
ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ؕ اور اگر تمہاری بیویوں میں سے کوئی بیوی
تمہیں چھوڑ کر کافروں میں چلی جائے اور وہ لوگ اس کا مہر تمہیں واپس نہ کریں تو
ایسی صورت میں جب کافروں کو مہر دینے کی تمہاری نوبت آئے تو یہ مہر کی رقم ان
کافروں کو دینے کی بجائے ان مسلمانوں میں ان کی خرچ کی ہوئی رقم کے برابر تقسیم کر
دو جنہیں ان کا مہر واپس نہیں کیا گیا یا مال غنیمت ہاتھ آئے تو اس میں سے ادا کر دو وَ
اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾ اور اُس اللہ سے ڈرتے رہو جس پر تم
ایمان رکھتے ہو يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا
يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّ لَا يَسْرِقْنَ وَ لَا يَزْنِيْنَ وَ لَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَ
لَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَ اَرْجُلِهِنَّ وَ لَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ

مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَ اسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ اے
نبی (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم)! جب مومن عورتیں آپ کے پاس بیعت کرنے کے لئے آئیں اور اس
بات کا عہد کریں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرائیں گی، اور یہ کہ نہ
چوری کریں گی اور نہ زنا کریں گی، اپنی اولاد کو قتل نہ کریں گی اور اپنے ہاتھ پاؤں
کے درمیان سے کوئی بہتان گھڑ کر نہ لائیں گی اور کسی نیک کام میں آپ کی نافرمانی نہ
کریں گی، تو ان سے بیعت لے لیجئے اور ان کے حق میں اللہ سے دعائے مغفرت کیجئے،
یقینا اللہ بہت مغفرت کرنے والا اور ہر وقت رحم کرنے والا ہے یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ
اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ قَدْ یَىٕسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا
یَىٕسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾ ع اے ایمان والو! ایسے لوگوں کو دوست نہ
بناؤ جن پر اللہ کا غضب نازل ہوا، وہ تو آخرت کے اجر و ثواب سے ایسے ہی مایوس ہیں
جیسے وہ کافر جو قبروں میں مدفون ہیں رکوع [۲]

[# 513]

Verses 10 to 13 contain instructions regarding believing women who migrated from Makkah: Instructions concerning polytheist women who were married to Muslim men. Guidance given to the Messenger of Allah [peace be upon him] on how to take the pledge from believing women. A command to the believers not to form alliances with the Jews, as they have lost hope in the rewards of the Hereafter.

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ

O you who believe! When believing women come to you as emigrants, then examin [and test] them [to confirm their faith].

اَللّٰهُ اَعۡلَمُ بِاِيۡمَانِهِنَّ‌ ۚ فَاِنۡ عَلِمۡتُمُوۡهُنَّ مُؤۡمِنٰتٍ فَلَا تَرۡجِعُوۡهُنَّ اِلَى الۡكُفَّارِ‌ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمۡ وَلَا هُمۡ يَحِلُّوۡنَ لَهُنَّ‌ ؕ

Allah knows best about their faith. Then, if you find that they are truly believers, do not send them back to the disbelievers. For these women are not lawful [wives] for them, nor are those disbelievers lawful [husband] for them.

وَاٰتُوۡهُمۡ مَّاۤ اَنۡفَقُوۡا‌ ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيۡكُمۡ اَنۡ تَنۡكِحُوۡهُنَّ اِذَاۤ اٰتَيۡتُمُوۡهُنَّ اُجُوۡرَهُنَّ‌ ؕ

And give [the disbelievers] whatever they had spent [as dowry] on these women. And there is no blame upon you if you marry these [believing emigrant] women, provided you give them their dowries.

وَ لَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَ سْـَٔلُوْا مَاۤ اَنْفَقْتُمْ وَ لْيَسْـَٔلُوْا مَاۤ اَنْفَقُوْا ؕ

And do not keep disbelieving women in your wedlock. But whatever you have spent on them [as dowry], ask for its return from the disbelievers. And similarly, let the disbelievers take back whatever they have spent [as dowery] on these women [who have since believed and emigrated].

ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۱۰

That is Allah's judgment; He judges between you. And Allah is All-Knowing, All-Wise.

وَ اِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ
فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ؕ

And if any of your wives leaves you and joins the disbelievers, [and you do not receive anything in return from them], then when your turn comes to pay the dowry to [the families of] disbelieving women, instead of giving it to them, compensate those believers among you—whose wives were taken and who did not get their dowry back—with an amount equal to what they had spent.

وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾

And fear Allah, in whom you believe.

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰۤى اَنْ لَّا
يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّ لَا يَسْرِقْنَ وَ لَا يَزْنِيْنَ وَ لَا يَقْتُلْنَ
اَوْلَادَهُنَّ وَ لَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَ
اَرْجُلِهِنَّ وَ لَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَ اسْتَغْفِرْ
لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾

O Prophet! When believing women come to you, pledging allegiance to you that they will not associate anything [as a god] with Allah, nor will they steal, nor will they commit adultery, nor will they kill their children, nor will they bring a false accusation that they have invented between their arms and legs, and will not disobey you in what is right—then accept their allegiance, and seek Allah’s forgiveness for them. Surely, Allah is Most Forgiving, Most Merciful.

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ
قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ
الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾ رکوع[۲]

O you who believe! Do not take as allies those upon whom Allah's wrath has come. They have despaired of [the reward in] the Hereafter—just as the disbelievers are despaired from those [buried] in the graves.